نظامت فاصلاتی تعلیم

Directorate of Distance Education

# تفویضات

بی۔اے،اردو،سالِ اول(فاصلاتی طرزتعلیم)

# Assignments

**B.A, Urdu, 1st Year (DM)**

# تاریخِ ادب اردوؒ (دکنی دورتا ترقی پسند تحریک)


مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

گچی باؤلی، حیدرآباد-500032

Maulana Azad National Urdu University

Gachibowli,Hyderabad-500032

# پہلا پرچہ: تاریخِ ادب اردو (دکنی دور تا ترقی پسند تحریک)

مفوضہ کام: 1 (اکائی 1 تا اکائی 6)

(Assignment No.1)

**Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )**

**حصہ (الف) تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔ (5x2=10)**

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. ہندیوروپی خاندان کی جن زبانوں کا تعلق ہندوستان سے ہے انھیں کیا کہا جاتا ہے؟ ( )

(الف) قدیم ہندآریائی زبانیں (ب) وسطی ہندآریائی زبانیں (ج) جدید ہندآریائی زبانیں (د) ہندآریائی زبانیں

2. ہندوستان کو آریاؤں کی سب سے بڑی دین کیا تھی؟ ( )

(الف) زبان (ب) کلچر (ج) زراعت (د) عقیدہ

3. 'کھڑی بولی' کا تعلق کس لسانی گروہ سے ہے؟ ( )

(الف) مغربی ہندی (ب) مشرقی ہندی (ج) بیرونی زبانیں (د) پہاڑی بولیاں

4. 'عرب و ہند کے تعلقات' کس کی کتاب ہے؟ ( )

(الف) محمود شیرانی (ب) مسعود حسین خاں (ج) محی الدین قادری زور (د) سلیمان ندوی

5. انوشیروان کے عہد میں سنسکرت کی کس مشہور کتاب کا ترجمہ پہلوی زبان میں ہوا؟ ( )

(الف) پنچ تنتر (ب) راماین (ج) مہابھارت (د) گیتا

**Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )**

**حصہ (ب) دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔ (2x5=10)**

1. مسعود حسین خاں کے مطابق اردو زبان کب اور کہاں پیدا ہوئی لکھیے۔
2. اردو کا تعلق مغربی ہندی کی کن بولیوں سے ہے؟ بیان کیجیے؟
3. دہلی کو آہ اور لکھنو کو واہ کا دبستان کیوں کہا گیا؟
4. مغلیہ سلطنت کے زوال کے بعد دہلی کے سیاسی منظر نامے پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

**Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )**

**حصہ (ج) کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔ (1x10=10)**

1. ہندوستان میں آریاؤں کی آمد اور اس کے بعد کے حالات پر روشنی ڈالیے۔
2. محمود شیرانی نے پنجابی اور دکنی اردو کی کن مشترک خصوصیات کا ذکر کیا ہے؟
3. عرب ہند تعلقات کا تاریخی تسلسل کے ساتھ جائزہ لیجیے۔

## مفوضہ کام:2(اکائی 7 تا اکائی 13)
## (Assignment No.2)

**Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )**

**حصہ(الف) تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(5x2=10)**

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. فخر دین نظامی کا تعلق کس دور سے تھا؟ (   )

(الف) عادل شاہی دور (ب) قطب شاہی دور (ج) بہمنی دور (د) مغلیہ دور

2. امیر خسرو کس صوفی کے مرید تھے؟ (   )

(الف) حضرت نظام الدین اولیا (ب) شیخ شرف الدین یحییٰ منیری (ج) خواجہ بختیار کا کی (د) نصیر الدین محمود چراغ دہلی

3. کس بادشاہ نے اپنا پایۂ تخت دہلی سے دیوگیری (دولت آباد) منتقل کیا؟ (   )

(الف) اورنگ زیب (ب) علاء الدین خلجی (ج) شیر شاہ (د) سلطان محمد تغلق

4. مثنوی 'خوب ترنگ' کے مصنف کون ہیں؟ (   )

(الف) شاہ برہان الدین جانم (ب) خوب محمد چشتی (ج) شیخ بہاء الدین باجن (د) شاہ علی محمد جیوگام دھنی

5. ''ارشاد نامہ'' کس کی تصنیف ہے؟ (   )

(الف) شاہ برہان الدین جانم (ب) ابراہیم عادل شاہ ثانی (ج) حسن شوقی (د) نصرتی

**Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )**

**حصہ(ب) دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(2x5=10)**

1. میراں جی خدانما پر نوٹ لکھیے۔
2. محمد قلی قطب شاہ کی حیات اور ادبی خدمات بیان کیجیے۔
3. عادل شاہی عہد کے شعر و ادب کا جائزہ لیجیے۔
4. بہادر شاہ ظفر کی شاعری پر روشنی ڈالیے۔

**Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )**

**حصہ(ج) کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔(1x10=10)**

1. مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کا خلاصہ بیان کیجیے۔
2. اردو ادب کی نشو و نما میں صوفیائے کرام کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔
3. وؔلی کے حالات زندگی اور ان کے کلام کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

## مفوضہ کام:3(اکائی14 تا اکائی20)
## (Assignment No.3)

**Part "A" :Objective type multiple choice questions (Answer all 5 out of 5 - 5 x 2 = 10 )**

**حصہ(الف) تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(5x2=10)**

صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. 'حیاتِ جاوید' کس کی سوانح عمری ہے؟ ( )

(الف) حالی (ب) سرسید (ج) شیخ سعدی (د) غالب

2. ''آوارہ'' کس کی نظم ہے؟ ( )

(الف) مجاز (ب) اختر الایمان (ج) فیض (د) مخدوم

3. اردو نشاۃ الثانیہ کی تحریک کس تحریک کو سمجھا جاتا ہے؟ ( )

(الف) جدیدیت (ب) علی گڑھ تحریک (ج) رومانی تحریک (د) ترقی پسند تحریک

4. انگریز ملازمین کو ہندوستانی زبان (اردو) سکھانے کے لیے کس ادارے کا قیام عمل میں آیا؟ ( )

(الف) دہلی کالج (ب) فورٹ ولیم کالج (ج) مدراس کالج (د) علی گڑھ کالج

5. کس شاعر نے شاعری کو الفاظ کی مرصع سازی کا فن مانا ہے؟ ( )

(الف) مصحفی (ب) ناسخ (ج) انشا (د) آتش

**Part "B" :Very short answer type questions (Answer any 2 out of 4 - 2 x 5 = 10 )**

**حصہ(ب) دو سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔(2x5=10)**

1. سرسید کے ادبی رفقا کی خدمات بتائیے۔
2. مصحفی اور اُن کی شاعری کے بارے میں ایک نوٹ تحریر کیجیے۔
3. ڈاکٹر جان گل کرسٹ اور اردو کے دوسرے انگریز پروفیسران کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔
4. حالی اور شبلی میں سے کسی ایک کے ادبی مقام کی نشان دہی کیجیے۔

**Part "C" :Long answer type questions (Answer any 1 out of 3 - 1 x 10 = 10 )**

**حصہ(ج) کسی ایک سوال کا جواب تفصیل سے دیجیے۔(1x10=10)**

1. ''کربل کتھا'' پر ایک نوٹ لکھیے۔
2. اُردو ادب پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کی وضاحت کیجیے۔
3. مختلف اصناف ادب پر علی گڑھ تحریک کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟ بیان کیجیے۔